اسمِ مقدس امیر المومنینؑ

علم ابجد کی روشنی میں

تالیف تحقیق و توضیح

خطیب ولایت مہ آیت علامہ سید حسن عسکری نقوی الشہدی
امیر المؤمنین

ناشر
حق برادرز
الحمد مارکیٹ غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور

Presented by Ziaraat.Com

﴿اسم مقدس امیر المومنینؑ﴾

﴿علم ابجد کی روشنی میں﴾

﴿زُبر و بیّنات کے آئینے میں﴾ ﴿حروف تہجی، مقدس کلمات، انبیاء کے اسماء﴾ ﴿قرآنی آیات سے اسم امیر المومنینؑ کا ظہور﴾ ﴿کائنات میں ہر طرف بارہ ہی کا جلوہ ہے﴾

Presented by Ziaraat.Com

روز محشر هر کسی در دست گیرد نامه ای

من نیز حاضر میشوم با این کتاب در بغل

قیامت کے دن ہر کوئی اپنے نامہ عمل کے ساتھ عرصہ محشر میں وارد ہوگا

میں اس کتاب کے ساتھ انشاء اللہ تعالی العزیز وارد عرصہ محشر ہونگا،

﴿نوٹ﴾ اس کتاب کی تحریر میں جس کتاب سے میں نے بہت زیادہ فیض حاصل کیا اس کتاب عزیز کا نام (بیان الآیات) ہے،

کہ جو حضرت آیۃ اللہ العظمی شیخ یوسف نجفیؒ کے قلم کی بے پناہ فیوضات و برکات کی حامل اسرار کا خزینہ کتاب ہے،

دعا ہے کہ پروردگار عالم اس عالم نحریر کے درجات کو بلند سے بلند تر کرے کہ جن کے اسلوب کو سامنے رکھتے ہوئے، اور ان کے کلمات گوہر بار کو مشعل راہ بناتے ہوئے میں نے اس کتاب اسم مقدس امیر المومنین علیہ السلام ابجد کی روشنی میں آغاز کیا، کہ جو اس وقت مومنین کی خدمت میں موجود ہے،

میری دعا ہے کہ پروردگار عالم اس عظیم عالم دین کے درجات کو بلند فرمائے، اور ہم سب کو معارف محمد و آل محمد علیہم الصلاۃ والسلام سے بہرہ مند فرمائے

آمین یارب العالمین

Presented by Ziaraat.Com

﴿علیؑ﴾ ﴿علیؑ﴾ ﴿علیؑ﴾ ﴿علیؑ﴾ ﴿علیؑ﴾ ﴿علیؑ﴾ ﴿علیؑ﴾ ﴿علیؑ﴾ ﴿علیؑ﴾

﴿علیؑ﴾ ﴿علیؑ﴾ ﴿علیؑ﴾ ﴿علیؑ﴾ ﴿علیؑ﴾ ﴿علیؑ﴾ ﴿علیؑ﴾ ﴿علیؑ﴾ ﴿علیؑ﴾

﴿علیؑ﴾

﴿علیؑ﴾ ﴿علیؑ﴾

﴿علیؑ﴾ ﴿علیؑ﴾ ﴿علیؑ﴾

﴿علیؑ﴾ ﴿علیؑ﴾

﴿علیؑ﴾

﴿علیؑ﴾ ﴿علیؑ﴾ ﴿علیؑ﴾ ﴿علیؑ﴾ ﴿علیؑ﴾ ﴿علیؑ﴾ ﴿علیؑ﴾ ﴿علیؑ﴾ ﴿علیؑ﴾

﴿علیؑ﴾ ﴿علیؑ﴾ ﴿علیؑ﴾ ﴿علیؑ﴾ ﴿علیؑ﴾ ﴿علیؑ﴾ ﴿علیؑ﴾ ﴿علیؑ﴾ ﴿علیؑ﴾

Presented by Ziaraat.Com

﴿بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم﴾

اَللّٰھُمَّ کُن لِوَلِیِّکَ الحُجَّۃِ ابنِ الحَسَنؑ صَلَوَاتُکَ عَلَیہِ وَعَلٰی آبَائِہِ فِی ھٰذِہِ السَّاعَۃِ وَفِی کُلِّ سَاعَۃٍ وَّلِیًّا وَّحَافِظًا وَقَاعِدًا وَّنَاصِرًا وَّدَلِیلًا وَّعَینًا حَتّٰی تُسکِنَہُ اَرضَکَ طَوعًا وَتُمَتِّعَہُ فِیھَا طَوِیلًا بِرَحمَتِکَ یَا اَرحَمَ الرّٰاحِمِینَ،

(العجل العجل یا مولانا یا صاحب الزمان عج)

(یا رب الحسینؑ بحق الحسینؑ اشف صدر الحسینؑ بظھور الحجۃ القائمؑ)

﴿بیتاب اس سبب سے دل بیقرار ہے﴾

﴿وہ آئیں گے ضرور مجھے اعتبار ہے﴾

﴿ہم ہی نہیں زمین پہ کچھ تیرے منتظر﴾

﴿عیسیٰؑ کو بھی فلک پہ تیرا انتظار ہے﴾

Presented by Ziaraat.Com

نمبر شمار	صفحہ نمبر	موضوع
۱	27	انتساب
۲	28	نگاہ عارفانہ
۳	29	بیان عارفانہ
۴	30	پیش لفظ
۵	33	مقدمہ کتاب
۶	35	علم اور عالم
۷	39	پہلا باب حروف مقطعات
۸	39	پہلا راز
۹	47	دوسرا راز
۱۰	49	بیان ابجد معصومؑ کی زبانی
۱۱	50	حروف مقطعات خطاب بہ رسولؐ
۱۲	51	تیسرا راز اسرار حروف مقطعات
۱۳	54	چوتھا راز اسماء امیر المومنین علیہ السلام
۱۴	56	دوسرا باب عدد بارہ کے سربستہ راز
۱۵	56	پہلی حقیقت بارہ مقدس حجابات
۱۶	57	دوسری حقیقت اسماء اللہ
۱۷	61	تیسری حقیقت انبیاء کے اسماء اور بارہ کا جلوہ

Presented by Ziaraat.Com

نمبر شمار	صفحہ نمبر	موضوع
۱۸	67	چوتھی حقیقت معصومینؑ کے مقدس اسماء
۱۹	70	پانچویں حقیقت معصومینؑ کے مقدس القابات
۲۰	73	چھٹی حقیقت القابات دوسرے زاویے سے
۲۱	85	ساتویں حقیقت بارہ کے اعداد کا مجموعہ
۲۲	85	اسباط بارہ ہیں،
۲۳	86	حوارئین بارہ ہیں،
۲۴	86	نقباء بارہ ہیں،
۲۵	86	ابراج بارہ ہیں،
۲۶	87	ترکی مہینے بارہ ہیں،
۲۷	87	عربی مہینے بارہ ہیں،
۲۸	87	ہجری شمسی مہینے بارہ ہیں،
۲۹	88	رومی مہینے بارہ ہیں،
۳۰	88	عیسوی مہینے بارہ ہیں،
۳۱	89	بکرمی مہینے بارہ ہیں،
۳۲	89	ساعات لیلیہ بارہ ہیں،
۳۳	89	ساعات نہاریہ بارہ ہیں،
۳۴	90	آٹھویں حقیقت زیارت اثنا عشریہ

Presented by Ziaraat.Com

نمبر شمار	صفحہ نمبر	موضوع
۳۵	96	نویں حقیقت معصومینؑ کے اسما کی حاصل جمع بارہ ہے،
۳۶	99	دسویں حقیقت معصومینؑ کے القابات کی حاصل جمع بھی بارہ ہے،
۳۷	102	گیارہویں حقیقت معصومین کتبوں میں بھی بارہ کا جلوہ،
۳۸	105	بارہویں حقیقت اسماء معصومینؑ در کتب آسمانی بارہ کا جلوہ،
۳۹	108	تیسرا باب حقیقت زُبُر ودیبنات،
۴۰	108	پہلی فصل،
۴۱	110	دوسری فصل،
۴۲	112	تیسری فصل،
۴۳	112	علت موجودہ ابجد کہ آئینے میں،
۴۴	112	والاسلام ابجد کہ آئینے میں،
۴۵	113	علم وعمل ابجد کہ آئینے میں،
۴۶	114	نجف اشرف اور جنت سرای ابجد کہ آئینے میں،
۴۷	114	انسان اور انعام ابجد کہ آئینے میں،
۴۸	115	وجود اور واحد ابجد کہ آئینے میں،
۴۹	115	رسول اور رہنما ابجد کہ آئینے میں،
۵۰	116	ابوالقاسم اور ملک یوم الدین ابجد کہ آئینے میں،
۵۱	117	محمدؐ اور امان ابجد کہ آئینے میں،

Presented by Ziaraat.Com

نمبر شمار	صفحہ نمبر	موضوع
۵۲	117	حب محمدؐ اور ایمان ابجد کے آئینے میں،
۵۳	118	امام اور اعجاز ابجد کے آئینے میں،
۵۴	118	علیؑ اور حق ابجد کے آئینے میں،
۵۵	118	الملح اور علیؑ ابجد کے آئینے میں،
۵۶	119	نمک اور علیؑ ابجد کے آئینے میں،
۵۷	119	اول من آمن اور علی بن ابی طالبؑ ابجد کے آئینے میں،
۵۸	120	عین ایمان اور وجہ علی بن ابی طالبؑ ابجد میں،
۵۹	120	صاحب ما اور قائمؑ ابجد کے آئینے میں،
۶۰	120	حقانیت مذہب شیعہ ابجد کے آئینے میں،
۶۱	122	چوتھی فصل وضاحت علم زُبَر وبینات،
۶۲	122	حروف کا تلفظ،
۶۳	125	اسم رسولؐ اور اسلام ابجد وبینات کی روشنی میں،
۶۴	126	اسم مولا علیؑ اور ایمان ابجد وبینات کی روشنی میں،
۶۵	128	مکہ مکرمہ اور مامنا ابجد کے آئینے میں،
۶۶	128	مدینہ اور بلد حکمہ ابجد کے آئینے میں،
۶۷	129	حب علی بن ابی طالبؑ اور دین الاسلام ابجد میں،
۶۸	131	چوتھا باب حروف تہجی کا بیان

Presented by Ziaraat.Com

نمبر شمار	صفحہ نمبر	موضوع
۶۹	131	پہلی فصل بیان حروف،
۷۰	133	دوسری فصل نزول حروف بصورت ابجد،
۷۱	137	تیسری فصل حروف کی تاثیر اور اقسام،
۷۲	139	چوتھی فصل پہلا ظہور توضیح حروف از لسان اللہ،
۷۳	142	دوسرا ظہور توضیح حروف از لسان اللہ،
۷۴	144	دعائے حروف تہجی،
۷۵	145	پانچویں فصل حرف الف کا بیان،
۷۶	148	چھٹی فصل بیّنات الف اور اسم امیر المومنین علیؑ،
۷۷	148	لا الہ الا ھو ابجد کی روشنی میں،
۷۸	149	ھمزہ بیّنات کی روشنی میں اور اسم امیر المومنینؑ
۷۹	155	ساتویں فصل اسرار با اور باقی حروف،
۸۰	161	آٹھویں فصل
۸۱	161	حرف با اور اسم امیر المومنین علی علیہ السلام،
۸۲	162	حرف تا اور اسم امیر المومنین علی علیہ السلام،
۸۳	162	حرف ثا اور اسم امیر المومنین علی علیہ السلام،
۸۴	163	حرف حا اور اسم امیر المومنین علی علیہ السلام
۸۵	163	حرف خا اور اسم امیر المومنین علی علیہ السلام

Presented by Ziaraat.Com

نمبر شمار	صفحہ نمبر	موضوع
۸۶	164	حرف را اور اسم امیر المومنین علی علیہ السلام،
۸۷	164	حرف زا اور اسم امیر المومنین علی علیہ السلام،
۸۸	165	حرف طا اور اسم امیر المومنین علی علیہ السلام
۸۹	165	حرف ظا اور اسم امیر المومنین علی علیہ السلام
۹۰	166	حرف فا اور اسم امیر المومنین علی علیہ السلام،
۹۱	166	حرف ھا اور اسم امیر المومنین علی علیہ السلام،
۹۲	167	حرف یا اور اسم امیر المومنین علی علیہ السلام،
۹۳	167	حرف جیم اور اسم امیر المومنین علی علیہ السلام
۹۴	168	حرف دال اور اسم امیر المومنین علی علیہ السلام
۹۵	168	حرف ذال اور اسم امیر المومنین علی علیہ السلام،
۹۶	169	حرف سین اور اسم امیر المومنین علی علیہ السلام،
۹۷	170	حرف شین اور اسم امیر المومنین علی علیہ السلام،
۹۸	171	حرف صاد اور اسم امیر المومنین علی علیہ السلام،
۹۹	172	حرف ضاد اور اسم امیر المومنین علی علیہ السلام،
۱۰۰	173	حرف عین اور اسم امیر المومنین علی علیہ السلام،
۱۰۱	173	حرف غین اور اسم امیر المومنین علی علیہ السلام،
۱۰۲	174	حرف قاف اور اسم امیر المومنین علی علیہ السلام،

Presented by Ziaraat.Com

نمبر شمار	صفحہ نمبر	موضوع
۱۰۳	175	حرف ک، اور نام امیر المومنین علی علیہ السلام
۱۰۴	178	حرف لام اور اسم امیر المومنین علی علیہ السلام،
۱۰۵	178	حرف میم اور اسم امیر المومنین علی علیہ السلام،
۱۰۶	182	نویں فصل کرشمہ در کرشمہ بینات حروف تہجی اور نام امیر کائنات علیہ السلام،
۱۰۷	184	پانچواں باب اسم رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ابجد کی روشنی میں،
۱۰۸	184	پہلا جلوہ،
۱۰۹	184	رسولؐ اور رہنما ابجد کی روشنی میں،
۱۱۰	184	ابوالقاسمؐ اور ملک یوم الدین ابجد کی روشنی میں،
۱۱۱	185	محمدؐ اور امان ابجد کی روشنی میں،
۱۱۲	185	حب محمدؐ اور ایمان ابجد کی روشنی میں،
۱۱۳	186	نعلی اور واجب دوم ابجد کی روشنی میں،
۱۱۴	186	احمدؐ اور وجود اجل وجود ابجد کی روشنی میں،
۱۱۵	186	لازم وجود احمد اور ممکن ابجد کی روشنی میں،
۱۱۶	188	دوسرا جلوہ،
۱۱۷	188	محمدؐ وجود حکمت وجود ابجد کی روشنی میں،
۱۱۸	188	اجمال وجوب ابجد کی روشنی میں،
۱۱۹	189	آیہ وجہ واجب الوجود ابجد کی روشنی میں،

Presented by Ziaraat.Com

نمبر شمار	صفحہ نمبر	موضوع
۱۲۰	190	تیسرا جلوہ،
۱۲۱	190	لمع بینات اور اسم رسولؐ ابجد کی روشنی میں،
۱۲۲	190	اسم مقدس محمد مجمع ایک ابجد کی روشنی میں
۱۲۳	191	اول جلوہ واجب ابجد کی روشنی میں،
۱۲۴	191	واسطہ واجب ابجد کی روشنی میں،
۱۲۵	191	جلوہ اول واجب ابجد کی روشنی میں،
۱۲۶	192	اسم مقدس محمد مجمع چار ابجد کی روشنی میں،
۱۲۷	192	اول موجود ابجد کی روشنی میں،
۱۲۸	192	جلوہ وجہ ازل ابجد کی روشنی میں،
۱۲۹	193	اسم مقدس محمد مجمع تیرہ ابجد کی روشنی میں،
۱۳۰	193	لباس واجب ابجد کی روشنی میں،
۱۳۱	194	چھٹا باب سرکارؐ کے جلوے،
۱۳۲	194	پہلا جلوہ عدد ۱۱۰ کے راز،
۱۳۳	194	اسم مقدس علی ابجد کی روشنی میں،
۱۳۴	194	جلوۃ اللہ ابجد کی روشنی میں،
۱۳۵	195	دو مَیں ابجد کی روشنی میں،
۱۳۶	195	لباسہ واجب ابجد کی روشنی میں،

Presented by Ziaraat.Com

نمبر شمار	صفحہ نمبر	موضوع
۱۳۷	195	لابس وجوب ابجد کی روشنی میں،
۱۳۸	195	کمال ایجاد ابجد کی روشنی میں،
۱۳۹	196	محمدیؐ ابجد کی روشنی میں،
۱۴۰	196	میزبان ابجد کی روشنی میں،
۱۴۱	196	باب نجاۃ المتہ ابجد کی روشنی میں،
۱۴۲	196	ایجاد کمال ابجد کی روشنی میں،
۱۴۳	197	امن وجود ابجد کی روشنی میں،
۱۴۴	197	وجود امن ابجد کی روشنی میں،
۱۴۵	197	امن ایجاد ابجد کی روشنی میں،
۱۴۶	197	جمال الہ ابجد کی روشنی میں،
۱۴۷	198	الہ جمال ابجد کی روشنی میں،
۱۴۸	198	ایجاد امن ابجد کی روشنی میں،
۱۴۹	198	اھل جمال ابجد کی روشنی میں،
۱۵۰	198	جلال الہ ابجد کی روشنی میں،
۱۵۱	199	لباسہ واجب ابجد کی روشنی میں،
۱۵۲	199	صبیح ابجد کی روشنی میں،
۱۵۳	199	مالک ایجاد ابجد کی روشنی میں،

Presented by Ziaraat.Com

نمبر شمار	صفحہ نمبر	موضوع
۱۵۴	199	مالک وجود ابجد کی روشنی میں،
۱۵۵	199	یمین ابجد کی روشنی میں،
۱۵۶	200	ولی دین ابجد کی روشنی میں،
۱۵۷	200	بحق ابجد کی روشنی میں،
۱۵۸	200	نمک ابجد کی روشنی میں،
۱۵۹	201	دوسرا جلوہ عدد ۱۱۱ کے راز
۱۶۰	201	اسم مقدس علی جمع ایک ابجد کی روشنی میں،
۱۶۱	201	کافی ابجد کی روشنی میں،
۱۶۲	201	وسیلہ ابجد کی روشنی میں،
۱۶۳	202	ایمنی ابجد کی روشنی میں،
۱۶۴	202	امان ایجاد ابجد کی روشنی میں،
۱۶۵	203	تیسرا جلوہ عدد ۱۱۷ کے راز
۱۶۶	203	اسم علی بن ابی طالبؑ ابجد کی روشنی میں،
۱۶۷	203	لائق جای نبیؐ ابجد کی روشنی میں،
۱۶۸	204	رہ واجب ابجد کی روشنی میں،
۱۶۹	204	علۃ امکان ابجد کی روشنی میں،
۱۷۰	204	دار واجب ابجد کی روشنی میں،

Presented by Ziaraat.Com

نمبر شمار	صفحہ نمبر	موضوع
۱۷۱	204	مصباح عبد ابجد کی روشنی میں،
۱۷۲	205	مصباح کون ابجد کی روشنی میں،
۱۷۳	205	رابطہ ابجد کی روشنی میں،
۱۷۴	206	چوتھا جلوہ عدد ۱۱۸ کے راز،
۱۷۵	206	اسم علی ابن ابی طالبؑ ابجد کی روشنی میں،
۱۷۶	206	نایب مناب نبیؐ ابجد کی روشنی میں،
۱۷۷	207	امام مومن ابجد کی روشنی میں،
۱۷۸	207	صفۃ واجب ابجد کی روشنی میں،
۱۷۹	207	آیہ رب ابجد کی روشنی میں،
۱۸۰	207	راہ واجب ابجد کی روشنی میں،
۱۸۱	207	مصلح الوجود ابجد کی روشنی میں،
۱۸۲	209	پانچواں جلوہ عدد ۱۲۹ کے راز،
۱۸۳	209	وجود علیؑ ابجد کی روشنی میں،
۱۸۴	209	نایب اللہ پانچواں جلوہ عدد ۱۲۹ کے راز،
۱۸۵	209	بدل النبیؐ ابجد کی روشنی میں،
۱۸۶	210	بقیۃ واجب ابجد کی روشنی میں،
۱۸۷	210	حاصل ابجد کی روشنی میں،

Presented by Ziaraat.Com

نمبر شمار	صفحہ نمبر	موضوع
۱۸۸	210	معطی ابجد کی روشنی میں،
۱۸۹	210	صلاح ابجد کی روشنی میں،
۱۹۰	211	چھٹا جلوہ عدد ۱۲۴۳ کے راز،
۱۹۱	211	وجہ علیؑ ابجد کی روشنی میں،
۱۹۲	211	واجب امکان ابجد کی روشنی میں،
۱۹۳	212	آیہ حق ابجد کی روشنی میں،
۱۹۴	212	جمال الایجاد ابجد کی روشنی میں،
۱۹۵	212	جمال الوجود ابجد کی روشنی میں،
۱۹۶	213	اجمل الایجاد ابجد کی روشنی میں،
۱۹۷	213	امکان واجب ابجد کی روشنی میں،
۱۹۸	214	جلوہ وجہ اللہ ابجد کی روشنی میں،
۱۹۹	214	محبوب اللہ ابجد کی روشنی میں،
۲۰۰	215	ساتواں جلوہ ۲۳۱ کے راز،
۲۲۱	215	وجہ علی بن ابی طالبؑ ابجد کی روشنی میں،
۲۲۲	216	وجہ امام مومنؑ ابجد کی روشنی میں،
۲۲۳	217	آٹھواں جلوہ ۲۵۶ کے راز
۲۲۴	218	ولاء علی بن ابی طالبؑ ابجد کی روشنی میں،

Presented by Ziaraat.Com

نمبر شمار	صفحہ نمبر	موضوع
۲۲۵	218	لواء علی بن ابی طالبؑ ابجد کی روشنی میں،
۲۲۶	218	نفس اللہ ابجد کی روشنی میں،
۲۲۷	218	نور ابجد کی روشنی میں،
۲۲۸	219	نواں جلوہ عدد ۱۰۸ کے راز،
۲۲۹	219	ابن ابی طالبؑ ابجد کی روشنی میں،
۲۳۰	219	جلوہ جلال ابجد کی روشنی میں،
۲۳۱	220	دسواں جلوہ عدد ۲۱۲ کے راز،
۲۳۲	220	اصحاب علیؑ ابجد کی روشنی میں،
۲۳۳	221	اصحاب یمین ابجد کی روشنی میں،
۲۳۴	222	گیارہواں جلوہ عدد ۲۲۷ کے راز،
۲۳۵	222	حب علی بن ابی طالبؑ ابجد کی روشنی میں،
۲۳۶	222	نعمۃ واجب الوجود ابجد کی روشنی میں،
۲۳۷	223	نعمۃ وجود الواجب ابجد کی روشنی میں،
۲۳۸	224	بارہواں جلوہ عدد ۱۶۵ کے راز
۲۳۹	224	محبۃ علیؑ ابجد کی روشنی میں،
۲۴۰	224	نعمۃ ابجد کی روشنی میں،
۲۴۱	225	تیرہواں جلوہ عدد ۱۶۲ کے راز،

Presented by Ziaraat.Com

نمبر شمار	صفحہ نمبر	موضوع
۲۳۲	225	ولایۃ علیؑ ابجد کی روشنی میں،
۲۳۳	225	انعام ابجد کی روشنی میں،
۲۳۴	226	چودھواں جلوہ عدد ۲۷۰ کے راز،
۲۳۵	226	ولایۃ علی بن ابی طالبؑ ابجد کی روشنی میں،
۲۳۶	227	حصن الامان ابجد کی روشنی میں،
۲۳۷	228	پندرھواں جلوہ عدد ۲۳۷ کے راز،
۲۳۸	228	وجود علی بن ابی طالبؑ ابجد کی روشنی میں،
۲۳۹	229	قصد واجب ابجد کی روشنی میں،
۲۴۰	229	ایجاد علی بن ابی طالبؑ ابجد کی روشنی میں،
۲۴۱	230	سولھواں جلوہ عدد ۱۶۰ کے راز،
۲۴۲	230	محبت علیؑ ابجد کی روشنی میں،
۲۴۳	230	اصحاب جنۃ ابجد کی روشنی میں،
۲۴۴	231	سترھواں جلوہ عدد ۱۲۰ کے راز،
۲۴۵	231	حب علیؑ ابجد کی روشنی میں،
۲۴۶	231	احسان ابجد کی روشنی میں،
۲۴۷	232	جنۃ واجب الوجود ابجد کی روشنی میں،
۲۴۸	233	اٹھارواں جلوہ عدد ۱۲۸ کے راز

Presented by Ziaraat.Com

نمبر شمار	صفحہ نمبر	موضوع
۲۴۹	233	ولایۃ علی بن ابی طالب جمع ۱۱ ابجد کی روشنی میں
۲۵۰	234	باب المراد ابجد کی روشنی میں،
۲۵۱	234	بلد مراد ابجد کی روشنی میں،
۲۵۲	234	مراد الہ
۲۵۳	235	انیسواں جلوہ عدد ۱۳۷ کے راز،
۲۵۴	236	وجہ علی جمع تیرہ ابجد کی روشنی میں،
۲۵۵	236	قبلہ ابجد کی روشنی میں،
۲۵۶	237	بیسواں جلوہ عدد ۳۰۰ کے راز،
۲۵۷	237	امام حق علی ابجد کی روشنی میں،
۲۵۸	238	الوالی علی ولی اللہ ابجد کی روشنی میں،
۲۵۹	238	صراط ابجد کی روشنی میں،
۲۶۰	239	اکیسواں جلوہ عدد ۱۰۲ کے راز،
۲۶۱	239	اسم مقدس علی علیہ السلام بینات کی روشنی میں،
۲۶۲	239	اصحاب ابجد کی روشنی میں،
۲۶۳	239	ایمان ابجد کی روشنی میں،
۲۶۴	240	ساتواں باب آسمانی صحیفوں میں نام حیدر کرار ؑ
۲۶۵	240	پہلا راز توریۃ اور نام حیدر کرار علی علیہ السلام

Presented by Ziaraat.Com

نمبر شمار	صفحہ نمبر	موضوع
۲۶۶	242	دوسرا راز
۲۶۷	243	تیسرا راز صحف اور نام حیدر کرار علی علیہ السلام
۲۶۸	244	چوتھا راز زبور اور نام حیدر کرار علی علیہ السلام
۲۶۹	245	پانچواں راز انجیل ھو اور نام حیدر کرار علی علیہ السلام
۲۷۰	246	چھٹا راز فرقان اور نام حیدر کرار علی علیہ السلام
۲۷۱	247	ساتواں راز قرآن اور نام حیدر کرار علی علیہ السلام
۲۷۲	249	آٹھواں باب اسماء انبیاء اور نام امیر المومنین
۲۷۳	251	پہلا جلوہ آدم صفی اللہ اور نام مولا علی
۲۷۴	253	دوسرا جلوہ نوح نبی اللہ اور نام مولا علی
۲۷۵	255	تیسرا جلوہ اسمٰعیل نبی اور نام مولا علی
۲۷۶	256	چوتھا جلوہ اسحاق نبی اور نام مولا علی
۲۷۷	257	پانچواں جلوہ ادریس نبی اور نام مولا علی
۲۷۸	259	چھٹا جلوہ یعقوب نبی اور نام مولا علی
۲۷۹	260	ساتواں جلوہ یوسف نبی اور نام مولا علی
۲۸۰	261	آٹھواں جلوہ ایوب صابر اور نام مولا علی
۲۸۱	263	نواں جلوہ سلیمن نبی اور نام مولا علی
۲۸۲	265	دوبارہ نواں جلوہ سلیمن نبی اور نام مولا علی

Presented by Ziaraat.Com

نمبر شمار	صفحہ نمبر	موضوع
۲۸۳	267	دسواں جلوہ زکریا نبی اللہؑ اور نام مولا علیؑ
۲۸۴	269	گیارہواں جلوہ یحییٰ نبی اللہؑ اور نام مولا علیؑ
۲۸۵	271	بارہواں جلوہ صالح النبیؑ اور نام مولا علیؑ
۲۸۶	273	تیرہواں جلوہ خضر نبیؑ اور نام مولا علیؑ
۲۸۷	275	چودہواں جلوہ الیاس بالنبیؑ اور نام مولا علیؑ
۲۸۸	276	پندرہواں جلوہ شعیب النبیؑ اور نام مولا علیؑ
۲۸۹	277	سولھواں جلوہ موسیٰ کلیم اللہ اور نام مولا علیؑ
۲۹۰	279	سترہواں جلوہ ھرون نبیؑ اور نام مولا علیؑ
۲۹۱	291	اٹھارواں جلوہ ذوالکفل نبیؑ اور نام مولا علیؑ
۲۹۲	293	انیسواں جلوہ داود نبی اللہؑ اور نام مولا علیؑ
۲۹۳	294	بیسواں جلوہ ذوالقرنینؑ اور نام مولا علیؑ
۲۹۴	286	اکیسواں جلوہ یسع نبیؑ اور نام مولا علیؑ
۲۹۵	288	بائیسواں جلوہ یونس نبیؑ اور نام مولا علیؑ
۲۹۶	289	تیئسواں جلوہ دانیال نبیؑ اور نام مولا علیؑ
۲۹۷	291	چوبیسواں باب
۲۹۸	293	پچیسواں جلوہ لقمانؑ اور نام مولا علیؑ
۲۹۹	295	چھبیسواں جلوہ لقمان بیانات میں اور نام مولا علیؑ

Presented by Ziaraat.Com

نمبر شمار	صفحہ نمبر	موضوع
۲۹۹	297	نواں باب اسم امیر المومنینؑ اور اسماء معصومین علیہم الصلوٰۃ والسلام
۳۰۰	297	پہلا راز اسم امام حسنؑ و اسم امیر المومنینؑ
۳۰۱	299	دوسرا راز اسم امام حسینؑ و اسم امیر المومنینؑ
۳۰۲	301	تیسرا راز اسم امام سجادؑ و اسم امیر المومنینؑ
۳۰۳	303	چوتھا راز اسم امام محمد باقرؑ و اسم امیر المومنینؑ
۳۰۴	305	پانچواں راز اسم امام صادقؑ و اسم امیر المومنینؑ
۳۰۵	307	چھٹا راز اسم امام موسیٰ کاظمؑ و اسم امیر المومنینؑ
۳۰۶	309	ساتواں راز اسم امام علی رضاؑ و اسم امیر المومنینؑ
۳۰۷	311	آٹھواں راز اسم امام محمد تقیؑ و اسم امیر المومنینؑ
۳۰۸	313	نواں راز اسم امام علی نقیؑ و اسم امیر المومنینؑ
۳۰۹	315	دسواں راز اسم حسن عسکری امامؑ و اسم امیر المومنینؑ
۳۰۹	317	گیارہواں راز اسم مہدی امامؑ و اسم امیر المومنینؑ
۳۱۰	319	دسواں باب قرآن تفسیر مفسر و نام مولا علیؑ
۳۱۱	323	پہلا جلوہ اسم قرآن ابجد کی روشنی میں،
۳۱۲	325	دوسرا جلوہ اسم قرآن دینات کی روشنی میں،
۳۱۳	327	تیسرا جلوہ اسم قرآن ابجد و دینات کی روشنی میں،
۳۱۴	329	چوتھا جلوہ اسم فرقان ابجد کی روشنی میں،

Presented by Ziaraat.Com

نمبر شمار	صفحہ نمبر	موضوع
۳۱۵	331	پانچواں جلوہ اسم تفسیر ابجد کی روشنی میں،
۳۱۶	333	چھٹا جلوہ اسم تفسیر دینات کی روشنی میں،
۳۱۷	334	ساتواں جلوہ تفسیر ابجد و دینات کی روشنی میں،
۳۱۸	336	آٹھواں جلوہ تفسیر قرآن ابجد کی روشنی میں،
۳۱۹	338	نواں جلوہ تفسیر قرآن دینات کی روشنی میں،
۳۲۰	340	دسواں جلوہ تفسیر قرآن ابجد و دینات کی روشنی میں
۳۲۱	342	گیارہواں جلوہ مفسر ابجد کی روشنی میں،
۳۲۲	344	بارہواں جلوہ مفسر دینات کی روشنی میں،
۳۲۳	345	تیرہواں جلوہ مفسر ابجد و دینات کی روشنی میں
۳۲۴	348	چودھواں جلوہ مفسر قرآن ابجد کی روشنی میں
۳۲۵	351	پندرہواں جلوہ مفسر قرآن دینات کی روشنی میں
۳۲۶	352	سولھواں جلوہ مفسر قرآن ابجد و دینات کی روشنی میں
۳۲۷	354	گیارہواں باب قرآنی آیات اور نام مولا علیؑ
۳۲۸	354	ظہور اول سرّ اول بسم اللہ اور نام مولا علیؑ
۳۲۹	357	حقیقت نبوت ولایت،
۳۳۰	360	رموز بسم اللہ الرحمن الرحیم،
۳۳۱	365	تکمیل بحث،

Presented by Ziaraat.Com

نمبر شمار	صفحہ نمبر	موضوع
۳۳۲	370	عصمت صغریٰ زینب کبریٰ سلام اللہ علیہما،
۳۳۳	373	اسرار اسم مقدس بی بی زہرا سلام اللہ علیہا،
۳۳۴	376	بسم اللہ کے متعلق ایک اہم تحقیق،
۳۳۵	378	بسم اللہ کے اعجازی اعداد
۳۳۵	384	اسم 5 کے راز،
۳۳۶	389	بسم اللہ ابجد و بینات کی روشنی میں،
۳۳۷	391	ظہور اول سرّ دوم بسم اللہ اور نام مولا پنجتن پاک
۳۳۸	394	ظہور اول سرّ سوم بسم اللہ حروف کی تعداد میں،
۳۳۹	396	ظہور اول سرّ چہارم بسم اللہ اور بارہ کا عدد،
۳۴۰	397	ظہور اول سرّ پنجم بسم ابجد کی روشنی میں،
۳۴۱	399	ظہور اول سرّ ششم بسم اللہ اور نام مولا علی
۳۴۲	400	ظہور اول سرّ ہفتم بسم اللہ اور نام مولا علی
۳۴۳	401	ظہور اول سرّ ہشتم بسم اللہ اور نام مولا علی
۳۴۴	403	ظہور اول سرّ نہم بسم اللہ اور نام مولا علی
۳۴۵	405	ظہور دوم الحمد للہ رب العالمین اور نام پنجتن پاک
۳۴۶	407	ظہور سوم مٰلک یوم الدین اور اسم مولا علی
۳۴۷	409	ظہور چہارم ایاک نعبد و ایاک نستعین،

Presented by Ziaraat.Com

نمبر شمار	صفحہ نمبر	موضوع
۳۴۸	411	ظہور پنجم راز اول اھدنا الصراط المستقیم حروف کے آئینے میں،
۳۴۹	413	ظہور پنجم راز دوم اھدنا الصراط المستقیم ابجد کے آئینے میں،
۳۵۰	415	ظہور پنجم راز سوم اھدنا الصراط المستقیم بینات کے آئینے میں،
۳۵۱	418	ظہور ششم راز اول صراط الذین انعمت علیھم حروف کے آئینے میں
۳۵۲	420	ظہور ششم راز دوم صراط الذین انعمت علیھم ابجد کے آئینے میں،
۳۵۳	422	ظہور ششم راز سوم صراط الذین انعمت علیھم بینات کے آئینے میں،
۳۵۴	425	ظہور ششم راز چہارم صراط الذین انعمت علیھم انعام اور نام مولا علی علیہ السلام
۳۵۴	426	ظہور ششم راز پنجم صراط الذین انعمت علیھم اور نام امیر المومنینؑ

Presented by Ziaraat.Com

﴿انتساب﴾

میں اپنی اس کتاب کو کائنات کی عظیم ترین مالکہ، محرومة المسرّت ، امّ المصائب، شریکة الحسینؑ، مالکہ تقدیر و جزا، عالمہ، فاضلہ، محدثہ، ھادیة، شفیعہ روز جزا، راضیة، مرضیة، کاملہ، سماویة، صدیقہ، طاھرة، عالمة غیر معلمة، فھمة غیر مفھمة، نوریة، انسیة حوریة، سیدة زینب کبری سلام اللہ و صلوات اللہ علیھا، کے جن کے لیے ایک شاعر نے کیا خوب کہا ہے

زینبؑ جو کہا کر لیا ہونٹوں نے حجاب،

شہزادیؑ کا تو نام بھی بے پردہ نہیں ہے،

کی خدمت میں پیش کرتا ہوں، کہ جن کی بارگاہ ملک آستان و ملک پاسبان و مرکز فیوض و برکات میں حقیر سراپا تقصیر نے اس کتاب کی پہلی جلد کو پایہ تکمیل تک پہنچایا۔

﴿الاحقر المذنب الراجی الی رحمة ربہ﴾

سید حسن عسکری نقوی

نزیل المشھد الرضا علیہ آلاف التحیة والثناء

روحی وارواح العالمین لتراب مقدمہ الفداء

Presented by Ziaraat.Com

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

شاعر اہلبیت اطہار، خطیب منبر سلونی جناب ڈاکٹر عباس رضا نیر جلال پوری

مشہد مقدس میں آکر جب حجۃ الاسلام والمسلمین مولانا سید حسن عسکری نقوی صاحب سے ملاقات ہوتی ہے، تو ایسا محسوس ہوتا ہے، کہ ولایت کی پوری ایک تحریک یا پورے ایک ادارے سے ملاقات ہوگئی ہے، خداوند عالم ولایت کے ان چراغوں کو سلامت رکھے، جب یہ اپنے عقیدے کا سورج ہتھیلی پر رکھ کر نکلتے ہیں، تو بنو امیہ کی نجس گلیوں سے اہلبیت علیہم السلام کے خلاف اٹھنے والے طوفان اپنے ننگ اور تاریک خیموں کی طرف واپس لوٹ جاتے ہیں،

ریاضت کہ نہاں خانوں میں ان کے قلم کی روشنائی قارئین کے دل ودماغ کو عقیدے کی روشنی عطا کرتی ہے، ایسے صاحبان قلم کی تصانیف وتالیفات دیکھ کر یقین ہوتا ہے، کہ اسلامی دانشوری کی روایت کا مستقبل محفوظ ہی نہیں بلکہ تابناک بھی ہے۔

مفکر اسلام مولانا سید حسن عسکری کی بعض کتابوں کے استنباط استدلال فلسفیانہ مباحث منطقیانہ تحلیل اور مأخذ واستناد دیکھ کر میرے لبوں سے بے ساختہ تحسین کے کلمات اور درود کی صدائیں بلند ہونے لگتی ہیں اللہ تعالی بطفیل ائمہ معصومین علیہم السلام انھیں اپنے حفظ وامان میں رکھے، اور ان کی توفیقات میں اضافہ فرمائے، اس پر آشوب زمانے میں مولانا سید حسن عسکری ولایت کی راہ میں علم بردار بھی ہیں قلم بردار بھی ہیں، ان کی تحریریں قابل ستائش ہیں، میں ایک شعر ان کی تحریروں کی نذر کرتے ہوئے اپنی بات تمام کرتا ہوں۔

موتیوں میں تولیں گے لوگ تیرے لفظوں کو　　انگلیاں تراشی ہیں تب قلم بنایا ہے

﴿معصومہ قم اور معصومہ کونین ؑ کی نعلین کا ایک ذرہ﴾

﴿عباس رضا نیر جلالپوری شعبۂ اردو لکھنو یونیورسٹی﴾ ﴿امضاء﴾

Presented by Ziaraat.Com

﴿بسم اللّٰہ الرّحمٰنِ الرّحیم﴾

خطیب ولایت اہلبیتؑ، شاعر و مداح مالک علم لدنیؑ جناب مولانا سید بلال کاظمی مدظلہ

تاریخ عالم و آدم اس بات پر شاہد ہے، کہ حکومتوں نے خزانوں کے بل بوتے پر حق کو باطل اور باطل کو حق ثابت کرنے کی مکمل کوششیں کی ہیں، یہ اور بات ہے کہ ناکامیوں کہ سوا کچھ اور حاصل نہ ہوا، علی الخصوص جب ہم تاریخ اسلام پر نظر ڈالتے ہیں، تو کہیں بنی امیہ کی بازیگری اور کہیں بنی عباس کی فریب کاریوں کے بھگولے ہیں، چونکہ اعلان ولایت کے بعد دین اسلام پناہ ولایت میں آ گیا، اس لئے باطل کی ہر کوشش ناکام ہوئی، اور انشاء اللہ تعالی ہوتی رہے گی، قابل قدر ہیں، وہ افراد گرامی جنھیں جذبۂ تفہیم ولایت نے تحریر یا تقریر کے ذریعے نصرت دین اور خدمت دین کا شرف عطا کیا، جو سعادت دارین ہے،

الحمد للہ انھیں محترم اور باتقدیر لوگوں میں حجۃ الاسلام مولانا سید حسن عسکری نقوی صاحب ہیں، جنھوں نے مختلف موضوعات اور نادر و نایاب دلائل کے ذریعے اب تک مختلف کتب تحریر فرما کر تمام مومنین کے لیے چراغ حقیقت روشن کئے ہیں، اور آئندہ بھی بے پناہ امیدیں ہیں، انشاء اللہ تعالی خداوند عالم موصوف کی توفیقات کا اضافہ کرے، اور ہم سب کو توفیق دین غدیر عطا فرمائے، والسلام

سگ کوئے نجف

بلال کاظمی لکھنؤ انڈیا

﴿امضاء﴾

Presented by Ziaraat.Com

﴿پیش لفظ﴾

﴿بسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم﴾

عزیزان محترم پروردگار عالم کے کرم سے امام رضا علیہ الصلاۃ والسلام، بی بی معصومہ سلام اللہ علیہا، اور امام زمانہ عج اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف، کی مدد سے

تحفہ رضویہ (۱۷) ﴿اسم مقدس امیر المومنینؑ زُبُر و بیّنات کی روشنی میں﴾

کا آغاز کرتا ہوں، جبکہ اس سے قبل مختلف موضوعات پر مفصل کتب پایہ تکمیل تک پہنچ چکی ہیں، جن میں تحفہ رضویہ۔۱۔ مجربات اسم اعظم و اسماء حسنیٰ،

تحفہ رضویہ۔۲۔ مجربات زُبُر و بیّنات، و مجرب عملیات،

تحفہ رضویہ۔۳۔ اسرار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم،

تحفہ رضویہ۔۴۔ اسرار ھویت، آیۃ الکرسی پہ عرفانی بحث،

تحفہ رضویہ۔۵۔ اسرار صراط مستقیم،

تحفہ رضویہ۔۶۔ اسرار الحمد للہ رب العالمین،

تحفہ رضویہ۔۷۔ اسرار اللہ، عزاداری پہ ہونے والے اعتراضات کے جوابات،

تحفہ رضویہ۔۸۔ شرح دعائے ندبہ، عظیم دعا کی شرح،

تحفہ رضویہ۔۹۔ شرح زیارت اربعین،

تحفہ رضویہ۔۱۰۔ شرح زیارت جامعہ کبیرہ،

تحفہ رضویہ۔۱۱۔ شرح زیارت وارث،

تحفہ رضویہ۔۱۲۔ آداب جمعہ،

تحفہ رضویہ۔۱۳۔ الیاقوت والمرجان،

Presented by Ziaraat.Com

تحفہ رضویہ۔۱۴۔راہنمائے زائرین احوال اماجزادگان،

تحفہ رضویہ (۱۷) ﴿اسم مقدس امیر المومنینؑ زُبُر و بیّنات کی روشنی میں﴾

کے ساتھ حاضر خدمت ہوں گر قبول افتد زہے عز و شرف،

، میں اس کتاب کو چہاردہ معصومین علیہم الصلاۃ والسلام کی بارگاہ میں ہدیۃ پیش کرتا ہوں اور پروردگار عالم سے یہ دعا ہے کہ اس کا ثواب میری والدہ ماجدہ کو پہنچے، پروردگار عالم ان کو جوار حضرت فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا میں جگہ عطا فرمائے۔تمام قارئین، مطالعہ کنندگان، قصیدہ خوانان، نوحہ خوانان، مرثیہ خوانان، عزاداران، کہ جن تک یہ کتاب پہنچے، ان سب سے درخواست ہے، کہ تمام، شہداء، علماء اعلام، مراجع عظام، عزاداران امام حسینؑ، کہ جو آج ہمارے درمیان میں نہیں ہیں۔

ان سب کے لیے اور ہمارے دادا مرحوم و مغفور مولانا سیّد منظور حسین نقویؒ (صاحب تحفۃ العوام) اور ان کی اہلیہ مرحومہ اور مرحوم و مغفور سیّد آل حسن نقوی۔مرحوم و مغفور سیّد ضیاء الحسن نقوی۔سید شجر عباس نقوی اور ان کی اہلیہ، اور میرے عزیز کہ جو ابھی حال ہی میں کربلا و شام کی زیارات سے واپس لوٹے تھے، اور مشہد مقدس میں انھوں نے مجھ سے کہا تھا کہ میں ذکر آل عبا علیہم السلام کی کتاب کی طباعت کرنا چاہتا ہوں اور وطن واپسی پہ ان کا انتقال ہوا، چھوٹے چھوٹے بچے یتیم ہو گئے، زوجہ بیوہ ہو گئی، اور ماں کے دکھوں میں مزید اضافہ ہو گیا، میری مراد میرے عزیز جناب، سید اظہر عباس زیدی کربلائی اعلی اللہ مقامہ اور ان کے بھائی جناب سید اکمل عباس زیدی اور ان کے والد بزرگوار، سید ناصر عباس زیدی اعلی اللہ مقامھما،

اور میرے عزیز حمیدی قریبی مجیدی شریفی جناب سید احسن رضا جعفری حفظہ اللہ تعالی کے والدین اور برادران، کے جو دار دنیا سے چلے گئے ہیں،

اور عزیزم جناب آقای سید شفقت رضا جعفری حفظہ اللہ کے والدین عزیز اقربا کے جو دار دنیا

Presented by Ziaraat.Com

سے چلے گئے ہیں، اور بالاخص میری والدہ ماجدہ کے لیے ایک مرتبہ سورۃ الحمد اور تین مرتبہ سورۃ توحید کی تلاوت فرمادیں، میری دعا ہے کہ پروردگار عالم تمام زائرین کی زیارت کو اپنی بارگاہ میں قبول و مقبول فرمائے اور بار بار، زیارات پے جانے کی توفیق مرحمت فرمائے، اور بالاخص ایران عراق شام جنت البقیع کی زیارات سے مشرّف فرمائے۔ سب کی پریشانیاں بحق محمد و آل محمد علیہم الصلاۃ والسلام دور فرمائے، بے اولادوں کو اولاد دے، بے گھروں کو گھر دے، بے زروں کو زر دے، مفلسوں کی مفلسی دور ہو، ہم سب کو امام حسینؑ کے عزاداروں میں شامل فرمائے، ہمیں ولایت محمد و آل محمدؐ پہ زندگی گزارنے اور ولایت کے ساتھ دنیا سے جانے کی توفیق مرحمت فرمائے، اور دشمنان مذہب اسلام و دین اگر وہ ہدایت کے قابل نہیں تو ان کو ذلیل و رسوا کرے، اور ہم سب کو امام زمانہؑ کے اعوان و انصار میں شامل فرمائے امام زمانہؑ کے ظہور میں تعجیل فرمائے۔

Presented by Ziaraat.Com

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

الحمد لله رب العالمين، وصلى الله على سيدنا محمد وآله الطيبين الطاهرين المعصومين، واللعن الدائم على اعدائهم اجمعين الى يوم الدين

اما بعد۔ کافی عرصے سے یہ سوچ رہا تھا کہ ایک ایسا رسالہ تحریر کیا جائے کہ جو آج ہمارے عقائد کو خراب کیا جا رہا ہے، ان کا جواب بالتفصیل مومنین کی خدمت میں پیش کیا جائے، اس سلسلے کے لیے کئی کتب ابھی تک قلم کی صعوبتیں برداشت کر کے قرطاس کے زندان میں سما چکی ہیں،

جن میں سے چند کتابیں حسب ذیل ہیں،

﴿یا علی مدد﴾

﴿اسرار اللہ عزاداری پہ ہونے والے اکثر اعتراضات کے جواب﴾

﴿اثبات عقد حضرت قاسم علیہ السلام ۴ جلدیں﴾

﴿علم کی تاریخ﴾

﴿قرآن ناطق﴾

﴿شرط عبادات﴾

﴿ولی کی ولایت﴾

﴿اسم امیر المومنینؑ کے اثرات﴾

﴿مجالس کی اہمیت﴾

﴿سند و اسرار حدیث کساء﴾

اور اس کے علاوہ بھی ہیں، آپ سب دعا فرمائیں کہ یہ سب زیور طبع سے آراستہ ہو جائیں، تا کہ مومنین ان سے استفادہ کر سکیں اور اپنے قلوب کو محمدؐ و آل محمدؐ کے انوار سے منور کر سکیں، آمین

Presented by Ziaraat.Com

یارب العالمین،

یہ سب کتب خالصتا لوجہ اللہ حجت اللہ امام زمانہؑ کی خوشنودی کے لیے لکھی گئی ہیں،

دعا فرمائیں کہ پروردگار عالم ہم سب کو امام زمانہ کے یاوران اور ناصران میں قرار دے، اور اللہ ہمیں وہ دن دکھائے کہ ہم اللہ کی حجت کی اپنی ان آنکھوں سے زیارت کر سکیں، آمین یا رب العالمین

بس چند ایک نا مکمل کلمات کے ساتھ آپ مومنین کی خدمت میں حاضر ہوں دعا ہے کے پروردگار عالم مجھے اس رسالے کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کی توفیق عطا فرمائے اور میرے والد بزرگوار حجۃ الاسلام والمسلمین الحاج مولانا آقا سید ابوالحسن نقوی دام ظلہ العالی، کو طول عمر صحت وسلامتی عطا فرمائے، اور میری والدہ ماجدہ کے جو کہ حقیقت عرفان کی بلندیوں پے فائز تھیں اور

جن کی محنتوں اور برکتوں کی وجہ سے ہم یہ علم دین کے لیے گام اٹھا سکے جوار حضرت زہرا سلام اللہ علیہا میں جگہ عطا فرمائے، اور ہمیں ان کی دعاوں میں شامل فرمائے،

Presented by Ziaraat.Com

﴿علم اور عالم﴾

علم کے متعلق معصومؑ کا فرمان ہے،

لیس العلم بکثرۃ التعلم انما ھو نور یقذفہ اللہ فی قلب من یشاء

علم زیادہ پڑھنے پڑھانے سے حاصل نہیں ہوتا بلکہ یہ اللہ کا نور ہے جس کے دل میں اللہ چاہتا ہے ڈال دیتا ہے، اور اسی علم کے لیے رب العزت قرآن کریم سورت عنکبوت میں ارشاد فرما رہا ہے،

من جاھد فینا لنھدینھم سبلنا ،

جو ہماری راہ میں جہاد کرتا ہے، ہم اس کی راستوں کی طرف ہدایت کرتے ہیں،

قرآن کا حدیث کا ایک ایک حرف اپنے ضمن میں مطالب معانی اور مہمات کا حامل ہے، قرآن کریم مکمل طور پر علوم کا مجموعہ،

احادیث معصومین علیھم الصلاۃ والسلام علوم کا مجموعہ،

معصومین علیھم الصلاۃ السلام کے اسماء علوم کا مجموعہ،

معصومین علیھم الصلاۃ السلام کا ذکر علوم کا مجموعہ،

معصومین علیھم الصلاۃ السلام کی زیارت علوم کا مجموعہ،

یعنی درحقیقت علم ہی علم ہے،

نور ہی نور ہے،

معرفت ہی معرفت ہے،

کمال ہی کمال ہے،

Presented by Ziaraat.Com

برکات ہی برکات ہے،

روحانیت ہی روحانیت ہے،

نورانیت ہی نورانیت ہیں،

اس قرآن مقدس کے لیے حدیث میں وارد ہوا ہے،

لکل حرف من حروف القرآن حد ولکل حد مطلع،

اور بعض روایات میں کچھ اس طرح سے وارد ہوا ہے،

ما من حرف من حروف القرآن الا وله سبعون الف معنی،

کائنات میں کوئی بھی انسان ایسا نہیں ہے کہ جو کما حقہ قرآن کے اسرار کا عالم و عامل ہو،

الا وہ ہستیاں کہ جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنے لیے چن لیا ہے، کہ جو سب کے سب معصومین علیہم السلام ہیں،

اس لیے کہ غیر معصوم جو ہوگا وہ گناہگار ہوگا اور کوئی بھی گناہگار اللہ تعالیٰ کے اسرار کا حامل ہو ہی نہیں سکتا،

اس لیے کہ ان اسرار میں رموز ہیں دقائق ہیں مجمل ہیں، ناسخ ہیں محکم ہیں متشابہ ہیں محسوسات ہیں معقولات ہیں منقولات ہیں، جلی ہیں خفی ہیں، صغیر ہیں کبیر ہیں،

اور اسی کی طرف اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں اشارہ بھی فرمایا ہے،

لَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِي كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ،

کوئی خشک و تر نہیں مگر یہ کہ وہ کتاب مبین میں ہے،

پس ہمارا مدعیٰ واضح اور روشن ہوا اس لحاظ سے کہ کائنات کا ہر علم قرآن میں موجود ہے، تو جب ہر علم قرآن میں موجود ہے تو یہ بھی واضح اور روشن ہوا کہ علم ﴿زُبُرٌ وَّبَيِّنٰتٌ﴾ بھی قرآن میں

Presented by Ziaraat.Com

موجود ہے، جیسا کہ سورت آل عمران آیت نمبر ۱۸۴ میں اس کا واضح طور پہ اللہ تبارک وتعالی نے قرآن میں ذکر فرمایا ہے، ارشاد باری تعالی ہے،

فَإِن كَذَّبُوكَ فَقَدْ كُذِّبَ رُسُلٌ مِّن قَبْلِكَ جَاءُوا بِالْبَيِّنَاتِ وَالزُّبُرِ وَالْكِتَابِ الْمُنِيرِ،

اور اس کے علاوہ بھی مختلف مقامات پہ اللہ جل جلالہ نے اشارۃ وکنایۃ بھی اس کا ذکر کیا ہے ،اور ہمارے

بیان کے اثبات کے لیے اتنے مطالب ہی کافی ہیں،

اور اسی قرآن کریم کے بارے میں صادق آل محمد علیہ السلام ارشاد فرماتے ہیں،

القرآن له اربع مراتب (كتاب الله على اربعة اشياء)

العبارة والاشارة واللطائف والحقائق ، فالعبارة للعوام ، والاشارة للخواص (من العلماء)واللطائف للاولياء والحقائق للانبياء،

قرآن کریم کے ۴ مراتب ہیں، العبارۃ والاشارۃ واللطائف والحقائق، جن میں قرآن کریم کی عبارت عوام کے لیے ہے، اور قرآن کریم کے اشارے خواص کے لیے ہے، اور قرآن کریم کی لطیف عبارات اولیاء اللہ کے لیے ہے، اور قرآن کریم کے حقائق انبیاء کے لیے ہے،

قرآن کے تمام مطالب کو فقط راسخون فی العلم ہی جانتے ہیں کہ جن کے سامنے اس کی ساری تاویلات بھی موجود ہیں،

سورت بقرہ آیت نمبر (۸۷) میں حضرت عیسی علیہ السلام کے لیے ارشاد ہوا،

وَآتَيْنَا عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنَاتِ وَأَيَّدْنَاهُ بِرُوحِ الْقُدُسِ ،

Presented by Ziaraat.Com

اسی سورت بقرہ آیت نمبر (۱۵۹) میں رب العزت رب العالمین اپنی عطا کا اظہار کچھ اس طرح سے فرمارہا ہے، اور کشف غطا بھی فرمارہا ہے، اس طرح سے کہ کوئی بھی اس کا انکار نہ کرسکے، اور کتمان کرنے والے کے لیے اس کا کتمان ممکن ہی نہیں ہے، بلکہ بینات کے منکر کو ملعون بتایا ہے،

اِنَّ الَّذِینَ یَکتُمُونَ مَا اَنزَلنَا مِنَ البَیِّنٰتِ وَالهُدٰی مِن بَعدِ مَا بَیَّنّٰهُ لِلنَّاسِ فِی الکِتٰبِ اُولٰئِکَ یَلعَنُهُمُ اللّٰهُ وَیَلعَنُهُمُ الّٰعِنُونَ،

اور انسان کا شک وریب کو دور کرتے ہوئے رب العزت سورت نحل میں ارشاد فرمارہا ہے،

وَمَا اَرسَلنَا مِن قَبلِکَ اِلَّا رِجَالًا نُوحِی اِلَیهِم فَسئَلُوا اَهلَ الذِّکرِ اِن کُنتُم لَا تَعلَمُونَ بِالبَیِّنٰتِ وَالزُّبُرِ وَاَنزَلنَا اِلَیکَ الذِّکرَ لِتُبَیِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَیهِم وَلَعَلَّهُم یَتَفَکَّرُونَ،

Presented by Ziaraat.Com

﴿بسمہ تعالیٰ﴾

﴿باب اول﴾

﴿پہلا راز﴾

﴿اسرار حروف مقطعات﴾

اور ولایت اسد اللہ الغالب غالب علی کل غالب المطلوب لکل طالب امیر المومنین حضرت علی علیہ الصلوٰۃ والسلام کے جلوے

حروف مقطعات کہ جو رب العزت نے قرآن کریم میں نازل کئے ہیں ان میں رب العالمین نے اسرار کو پوشیدہ کر دیا ہے، **واللہ اعلم بحقائق امور،**

اور یہ وہی حروف ہیں، وہی اسرار ہیں، کہ جن کے لیے رب العزت نے ارشاد فرمایا ہے **(لا یعلم تاویلہ الا اللہ والراسخون فی العلم)**

ان کی تاویل اللہ اور (راسخون فی العلم) کے علاوہ کوئی نہیں جانتا،

اور انہیں کے متعلق ارشاد ہوتا ہے، **(لا یعلم جنود ربك الا ھو)**

بس یوں سمجھ لیں کہ یہ اللہ تعالیٰ کے مکتوم اسرار ہیں کہ جو غیب میں شمار ہوتے ہیں،

شعبی سے جب سوال کیا گیا کہ یہ حروف مقطعات کیا ہیں، تو انھوں نے جواب دیا کہ یہ اسرار اللہ ہیں،

اور اللہ تعالیٰ ان کو ظاہر نہیں کرتا مگر اس پہ کہ جس سے وہ راضی ہو، اور وہ رسولوںؑ میں سے اور رسولوںؑ کے اوصیاء میں سے، اور ولیوں میں سے اور مومنین میں سے ہیں،

جیسا کہ حدیث میں وارد ہوا ہے، **واللہ تعالی لا یظھر علی غیبہ احدا الا من ارتضی من رسول** اور وارث رسولؐ، تو یہ بات اظہر من الشمس ہے، کہ

Presented by Ziaraat.Com

حروف مقطعات کا علم علم کنونی ہے، علم سری ہے، علم مخفی ہے، علم مکتوی ہے،

ان کے متعلق ابو منصور الدیلمی، ابو عبدالرحمن السلمی، اور الترغیب میں وارد ہوا ہے

اسرار الله يبينها الى امناء اولياء وسادات النبلاء من غير سماعة ولا دراسة وهي من الاسرار التي لم يطلع عليها الالخواص،

یہ اللہ کے اسرار ہیں کہ جن کو اللہ نے امین ولیوں کے سامنے بیان کیا ہے، اور نجیل سادات کو اس سے بغیر پڑھے اور بغیر سنے آگاہی عطا کی ہے، اور یہ اللہ تعالی کے راز ہیں کہ جن پہ خواص کے علاوہ کوئی بھی مطلع نہیں ہے،

اور بعض نے اس علم کو علم باطن کہہ کے یاد کیا ہے، اسی لیے تو اس کے متعلق روایات میں وارد ہوا ہے، کہ جب آپ سے علم باطن کے متعلق سوال کیا گیا،

لماسئل عن النبيؐ عن علم الباطن فقال علم بين الله وبين اوليائه لم يطلع عليه ملك مقرب،

جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے علم باطن کے متعلق سوال کیا گیا تو آپ نے ارشاد فرمایا، کہ یہ وہ علم ہے کہ جو اللہ اور اس کے ولیوں کے درمیان ہے، کہ جس کو مقرب فرشتہ بھی نہیں جانتا، یعنی مقرب فرشتے کو بھی اس علم سے آگاہی نہیں ہے،

چونکہ یہ اسرار ہیں، ان سے آگاہی ناممکنات میں سے ہے، تاحد معلومات ظاہری جو کشفیات ہیں ان کو حیدر کرارؑ کے عاشقوں کی خدمت میں پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں،

دعا ہے کہ پروردگار عالم ہمیں اسرار علوم محمد وآل محمد علیہم السلام کو سمجھنے اور جاننے کی توفیق عطا فرمائے (آمین یارب العالمین)

Presented by Ziaraat.Com

ان حروف مقطعات کے متعلق کافی اقوال ہیں من جملہ، چند ایک اقوال تفاسیر سے نقل کر رہا ہوں بالاخص تفسیر تسنیم تفسیر البصائر تفسیر لوامع التنزیل و سواطع التاویل و غیر ذلک،

﴿۱﴾..... یہ حروف مقطعات قرآن کریم کے مختصات میں سے ہیں، اور یہ علم دوسری آسمانی کتابوں میں سے نہیں ہیں،

﴿۲﴾..... یہ حروف مقطعات مکی اور مدنی سورتوں کے ساتھ مخصوص نہیں ہیں، اس لیے کہ ۲۷ مکی اور دو مدنی سورتوں میں اللہ تعالی نے ان کو نازل کیا ہے،

﴿۳﴾.....۲۹ وہ سورتیں کہ جن میں حروف مقطعات موجود ہیں، وہ کچھ اس ترتیب سے ہیں،

(۱) سورۃ بقرۃ،

(۲) سورۃ آل عمران،

(۳) سورۃ اعراف،

(۴) سورۃ یونس،

(۵) سورۃ ھود،

(۶) سورۃ یوسف،

(۷) سورۃ رعد،

(۸) سورۃ ابراہیم،

(۹) سورۃ حجر،

(۱۰) سورۃ مریم،

(۱۱) سورۃ طٰہٰ،

Presented by Ziaraat.Com

(۱۲) سورۃ شعراء

(۱۳) سورۃ نمل،

(۱۴) سورۃ قصص،

(۱۵) سورۃ عنکبوت،

(۱۶) سورۃ روم،

(۱۷) سورۃ لقمان،

(۱۸) سورۃ سجدہ،

(۱۹) سورۃ یٰس،

(۲۰) سورۃ ص،

(۲۱) سورۃ مومن (غافر)،

(۲۲) سورۃ فصلت،

(۲۳) سورۃ شوریٰ،

(۲۴) سورۃ زخرف،

(۲۵) سورۃ دخان،

(۲۶) سورۃ ن والقلم،

(۲۷) سورۃ جاثیہ،

(۲۸) سورۃ احقاف،

(۲۹) سورۃ ق،

﴿۴﴾ حروف مقطعات پانچ قسموں پہ منقسم ہوتے ہیں،

Presented by Ziaraat.Com

کچھ حروف مقطعات ایک حرفی ہیں، جیسے (ص)(ن)(ق)،

کچھ دو حرفی ہیں، جیسے (طس)(یس)(طه)(حم)،

کچھ تین حرفی ہیں، جیسے (الم)(الر)(طسم)،

کچھ چار حرفی ہیں، جیسے (المص)(المر)،

کچھ پانچ حرفی ہیں، جیسے (کهیعص)(حم عسق)،

﴿۵﴾ کچھ حروف مقطعات قرآن میں ایک آیت بن کے نازل ہوئے ہیں، جیسے

(۱)(الم)، سورت بقرة، سورت آل عمران، سورت عنکبوت، سورت لقمان، سورت سجدہ، میں،

(۲)(المص)، سورت اعراف میں،

(۳)(کهیعص) سورت مریم میں،

(۴)(طه) سورت طه میں،

(۵)(طسم) سورت شعراء اور سورت قصص میں،

(۶)(یس) سورت یس میں،

(۷)(حم) سورت مومن، سورت فصلت، سورت زخرف، سورت دخان، سورت جاثیه، اور سورت احقاف میں،

﴿۵﴾ اور کچھ حرف مقطعات آیت کا جزو بن کے نازل ہوئے ہیں، جیسے،

(۱)(حم عسق) سورت شوری میں،

(۲)(الر) سورة یونس، سورة هود، سورة یوسف، سورة ابراهیم، سورة حجر میں

(۳)(المر) سورت رعد میں،

Presented by Ziaraat.Com

(۴)(طس)سورت نمل میں،

(۵)(ص)سورت ص میں،

(۶)(ق)سورت ق میں،

(۷)(ن)سورت قلم میں،

﴿۶﴾اس لحاظ سے حروف مقطعات کی تین قسمیں ہیں،

(۱) کچھ ایسے ہیں کہ جو اصلاً قرآن میں بصورت تکراری نازل نہیں ہوئے ہیں جیسے، ن، ق،

(۲) کچھ ایسے ہیں کہ جو دو مرتبہ تکرار ہوئے ہیں، جیسے، ص، سورت ص میں، اور یہی جزو بن کے بھی آیا ہے سورت اعراف میں، المص،

(۳) کچھ ایسے ہیں کہ جو چھ یا چھ سے زیادہ مرتبہ تکرار ہوئے ہیں، جیسے الم، حم، اسی لیے حوامیم سبعہ بھی کہتے ہیں

﴿۷﴾حروف مقطعات حذف مکررات کے بعد ان میں سے جو باقی بچتے ہیں وہ (۱۴) حروف ہیں،

(۱)(ا)	(۲)(ح)	(۳)(ر)	(۴)(س)
(۵)(ص)	(۶)(ط)	(۷)(ع)	(۸)(ق)
(۹)(ک)	(۱۰)(ل)	(۱۱)(م)	(۱۲)(ن)
(۱۳)(ہ)	(۱۴)(ی)،		

﴿۸﴾حروف مقطعات اور آیات میں ایک خاص قسم کا ارتباط ہے کہ جن کو ہر انسان کی قوبات ہی الگ ہے، خواص بھی نہیں جان سکتے جب تک واجب الوجود کی عطا نا ہو،

﴿۸﴾حروف مقطعات کے لیے ایک قول یہ ہے کہ یہ اسم اعظم کا جزو ہیں، اور ان کے مرکب ہونے سے اسم اعظم معرض وجود میں آتا ہے،

Presented by Ziaraat.Com

اور اسم اعظم اس کو کہتے ہیں کہ جن کے ذریعے کائنات ما کان و ما یکون میں انسان تصرف کر سکتا ہے، یہ سب کے سب حروف مقطعات اپنے اندر اسم اعظم کا جز و لیے ہوئے ہیں اجزاء اسم اعظم ہیں، اور بعض اوقات مرکب کرنے سے یہ اسم اعظم معرض وجود میں آتا ہے،

جیسے، (الر) (حم) (ن)۔ (الرحمن) اسی طرح سے امام زمانہؑ کے اسم مبارک م ح م د، کا استناد بھی اسی سے ہوتا ہے، جیسا کہ اس کو صاحب تفسیر تسنیم نے جلد دوم صفحہ ۷۷ میں بیان کیا ہے،

﴿۹﴾ ایک قول یہ ہے کہ اللہ کے نام الرحمٰن قرآن میں کئی مقامات پہ آئے ہیں، سورت الحمد میں اور ہر بسم اللہ میں تو ماننا پڑے گا کہ جن کو اللہ تعالیٰ صراحتاً بیان کر دیا ہے اب ان کو مخفی طور پہ بیان کرنے کی کیا ضرورت ہے،

یہ حروف مقطعات اپنے اندر بذات خود کچھ اسرار کے حامل ہیں کہ جن کو ہر بندہ نہیں جان سکتا، کہ جن کے ذریعے مردے زندہ ہوتے ہیں، درخت چل سکتے ہیں پہاڑ اپنی جگہ چھوڑ دیتے ہیں اور یہ وہ ہیں کہ جن کہ لیے آصف بن برخیاؑ نے کہا تھا،

جس کو اللہ نے قرآن کریم سورت نمل آیت نمبر ۴۰ میں بیان فرمایا ہے،

قال الذی عندہ علم من الکتاب انا اٰتیک بہ قبل ان یرتد الیک طرفک،

﴿۱۰﴾ ایک قول یہ ہے کہ وہ حروف کہ جو مقطعات کی صورت میں سورت سے پہلے نازل ہوئے ہیں وہ اس سورت میں زیادہ ہوتے ہیں، اور یہ ایک قرآنی معجزہ ہے،

مثلاً سورت ق میں ق سب سے زیادہ آیا ہے،

اسی طرح سے سورت اعراف میں (المص) حروف مقطعات کی شکل میں وارد ہوا ہے، اور اگر حروف کی گنتی کی جائے تو اس سورت میں سب سے زیادہ یہی حروف استعمال ہوئے ہیں،

الف اس سورت میں (۲۵۲۹) مرتبہ آیا ہے،

Presented by Ziaraat.Com

لام اس سورت میں (۱۵۳۰) مرتبہ آیا ہے،

میم اس سورت میں (۱۱۶۴) مرتبہ آیا ہے،

(ص) اس سورت میں (۹۷) مرتبہ آیا ہے،

(جمعا) اس سورت میں یہ حروف (۵۳۲۰) مرتبہ آئے ہیں،

مجموعی طور پہ اگر اس سورت کے حروف کا حساب کیا جائے تو یہ حروف اس سورت میں مجموعی حساب سے ۳۷ فیصد ہیں،

اسی طرح سے اعجاز عددی قرآن یہ ہے، **(شھر)** قرآن میں بارہ مرتبہ آیا ہے،

کلمہ **(یوم)** قرآن میں (۳۶۵) مرتبہ آیا ہے،

کلمہ **(دنیا)** قرآن میں (۱۱۵) مرتبہ اور آخرت بھی (۱۱۵) مرتبہ آیا ہے،

Presented by Ziaraat.Com

﴿بسمہ تعالیٰ﴾

﴿دوسرا راز﴾

﴿اسرار حروف مقطعات﴾

﴿احادیث معصومین علیہم الصلاۃ والسلام﴾

﴿۱﴾ کتاب بحار الانوار چاپ بیروت جلد نمبر (۸۹) صفحہ نمبر (۳۷۳) میں وارد ہوا ہے کہ جویریہ نے سفیان ثوریؒ سے اور آپ فرماتے ہیں کہ میں نے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے سوال کیا ،اللہ تعالیٰ کے ان اقوال کے کیا معنی ہیں،

الم والمص والر والمر وکھیعص وطہ وطس وطسم ویس وص وحم وحمعسق وق ون

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے ارشاد فرمایا، (الم) سورت بقرۃ کے ابتدا میں جو ہے اس کے معنی یہ ہیں، ﴿انا اللہ الملک﴾،

اور (الم) سورۃ آل عمران کے ابتدا میں جو ہے اس کے معنی یہ ہیں، ﴿انا اللہ المجید﴾،

اور (المص) کے معنی یہ ہیں، ﴿انا اللہ المقتدر الصادق﴾،

اور (الر) کے معنی یہ ہیں، ﴿انا اللہ الرووف﴾،

اور (المر) کے معنی یہ ہیں، ﴿انا اللہ المحی المیت الرازق﴾،

اور (کھیعص) کے معنی یہ ہیں ﴿انا الکافی الھادی الولی العالم الصادق الوعد﴾ اور (طہ) کے معنی یہ ہیں، ﴿یا طالب الحق الھادی الیہ﴾،

اور (طس) کے معنی یہ ہیں، ﴿انا اللہ الطالب السمیع المبدء المعید﴾،

اور (یس) رسول اللہؐ کے ناموں میں سے ایک نام ہے، اور اس کے معنی ہیں، ﴿یا ایھا السامع لوحی﴾،

اور (حم) کے معنی ﴿الحمید المجید﴾،

Presented by Ziaraat.Com

اور (حمعسق) کے معنی ﴿الحلیم المثیب العالم السمیع القادر القوی﴾،

اور (ق) ایک پہاڑ کا نام ہے کہ جو دنیا پر محیط ہے ،(ن) جنت میں ایک نہر ہے،

سفیان ثوریؒ کہتے ہیں میں نے کچھ اور سوال کئے مولاؑ نے ارشاد فرمایا اٹھ جا تو ان اسرار کی صلاحیت نہیں رکھتا،

﴿۲﴾ تفسیر برہان جلد اول صفحہ ۵۴ میں مرقوم ہے، کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے ارشاد فرمایا، (المص) کے معنی یہ ہیں، ﴿انا اللہ المقتدر الصادق﴾

﴿۳﴾ تفسیر برہان جلد دوم صفحہ ۱۷۶ میں مرقوم ہے،

کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا (الر) کے کیا معنی ہیں، تو آپ نے ارشاد فرمایا کے اس کے معنی یہ ہیں، ﴿انا اللہ الرووف﴾

﴿۴﴾ تفسیر برہان جلد دوم صفحہ ۲۷۷ میں مرقوم ہے،

راوی کہتا ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا مولاؑ (المر) کے کیا معنی ہیں ،تو آپ نے ارشاد فرمایا کے اس کے معنی یہ ہیں، ﴿انا اللہ المحی الممیت الرازق﴾

﴿۵﴾ تفسیر برہان جلد سوم صفحہ ۲ میں مرقوم ہے،

سفیان ثوریؒ کہتے ہیں، کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا مولاؑ (کھیعص) کے کیا معنی ہیں، تو آپ نے ارشاد فرمایا کے اس کے معنی یہ ہیں

﴿انا الکافی الھادی الولی العالم الصادق الوعد﴾

﴿۶﴾ تفسیر برہان جلد ۳ صفحہ ۱۷۹ میں مرقوم ہے،

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے ارشاد فرمایا کہ (طس) کے معنی یہ ہیں،

﴿انا الطالب السمیع﴾ اور (طسم) کے معنی یہ ہیں ﴿انا الطالب السمیع المبدء المعید﴾

﴿۷﴾ تفسیر برہان جلد چہارم صفحہ ۹۰ میں مرقوم ہے،

Presented by Ziaraat.Com

سفیان ثوریؒ کہتے ہیں، کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا مولاؑ،

(حم) اور (حم عسق) کے کیا معنی ہیں، تو آپ نے ارشاد فرمایا کے (حم) کے معنی یہ ہیں ﴿الحمید المجید﴾،

اور (حم عسق) کے معنی یہ ہے، ﴿الحلیم المثیب العالم السمیع القادر القوی﴾

﴿معصوم علیہ السلام ابجد کی خود تفسیر کر رہے ہیں﴾

﴿۸﴾ تفسیر برہان جلد ۲ صفحہ ۳ میں مرقوم ہے، کہ ایک شخص حضرت امام محمد باقر علیہ السلام کی خدمت میں جب آپ مکے میں تھے حاضر ہوا، اور اس نے اپنے مسائل کے متعلق دریافت کیا،

آپ نے اسے جواب دیا اور ایک حدیث کا ذکر کیا، بات یہاں تک پہنچی اس نے سوال کیا، (المص) کیا ہے تو اس وقت آپ نے ارشاد فرمایا کہ ٹھہر جا،

الالف واحدواللام ثلاثون والمیم اربعون والصاد تسعون قلت فهذه مأة واحدی وستون فقال بالبیداذا دخلت سنة احدی وستون ومأة سلب الله قوما سلطانهم

الف کا ایک، لام کے تیس، میم کے چالیس، صاد کے نوے، راوی کہتا ہے کہ میں نے کہا یہ (۱۶۱) ہیں، تو اس وقت آپ نے ارشاد فرمایا، اے لبید جب (۱۶۱) واں سال داخل ہوگا، اللہ قوم سے ان کے سلطان کو اٹھا لے گا،

﴿کچھ حروف مقطعات سے رسالتمآب کو مخاطب کیا گیا ہے﴾

﴿۹﴾ تفسیر برہان جلد ۳ صفحہ ۲۹ میں مرقوم ہے، حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے ارشاد فرمایا کہ (طٰہٰ) رسول اللہؐ کے ناموں میں سے ایک نام ہو، اور اس کے معنی یہ ہیں، **یا طالب الحق الهادی الیه**

Presented by Ziaraat.Com

﴿۱۰﴾ تفسیر برہان جلد ۳ صفحہ ۲۸ میں مرقوم ہے، حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے ارشاد فرمایا، کہ اے کلبیؓ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قرآن میں کتنے نام ہیں میں نے کہا دو یا تین تو اس وقت آپ نے ارشاد فرمایا اے کلبیؓ دس نام ہیں،

طٰهٰ مَا اَنزَلنَا عَلَيكَ القُرآنَ لِتَشقٰى

يٰسٓ وَالقُرآنِ الحَكِيمِ اِنَّكَ لَمِنَ المُرسَلِين، عَلٰى صِرَاطٍ مُّستَقِيم

نٓ وَالقَلَمِ وَمَا يَسطُرُونَ، مَا اَنتَ بِنِعمَةِ رَبِّكَ بِمَجنُونٍ

Presented by Ziaraat.Com

﴿بسمہ تعالیٰ﴾

﴿تیسرا راز﴾

﴿اسرار حروف مقطعات﴾

﴿اور فضیلت مولائے کائنات علی علیہ السلام﴾

حروف مقطعات حذف مکررات کے بعد ان میں سے جو باقی بچتے ہیں وہ (۱۴) حروف ہیں، اور مزے کی بات یہ ہے حروف چودہ ہی ہیں، جو مقطعات میں استعمال ہوئے انہی کی تکرار ہوئی ہے، اور کل حروف تہجی کو بھی اگر دیکھا جائے، تو ۲۸ حروف ہیں کہ یہ بھی چودہ کا دو مرتبہ ظہور ہے، سبحان اللہ

(۱)(ا) (۲)(ح) (۳)(ر) (۴)(س)

(۵)(ص) (۶)(ط) (۷)(ع) (۸)(ق)

(۹)(ک) (۱۰)(ل) (۱۱)(م) (۱۲)(ن)

(۱۳)(ہ) (۱۴)(ی)۔

کہ جن کی عبارت کچھ اس طرح سے سامنے آتی ہے کہ جس کو علماء کبار نے اپنی کتب میں بیان کیا ہے من جملہ آیت اللہ جوادی آملی نے بھی اس کو جلد دوم تفسیر تسنیم میں بیان کیا ہے،

(پہلی عبارت) **صراط علی حق نمسکه**

(دوسری عبارت) **نمسکه صراط علی حق**

(تیسری عبارت) **حق علی صراط نمسکه**

پس معلوم واضح اور روشن ہوا کہ حقیقت ہی یہی ہے، ظاہر قرآن بھی یہی ہیں اور باطن قرآن بھی یہی ہیں ظاہر میں بھی اللہ تعالیٰ نے ان کی ولایت کو بیان کیا ہے اور باطن میں بھی ان کی ولایت کو چھپا دیا ہے پس یہ ظاہر قرآن بھی ہیں اور باطن قرآن بھی ہیں، خاموش ہو تو صامت بولے تو ناطق ہیں،

Presented by Ziaraat.Com

اثر ترابی مرحوم شاعر اہلبیت اطہارؑ نے امام رضا علیہ السلام کے حوالے سے ایک نظم کہی تھی کہ جس کا ایک شعر مجھے اس وقت یاد آرہا ہے، آپ ارشاد فرماتے ہیں،

خاموش ہو تو جزدان میں قرآن کی صورت، ناطق ہو تو منبر پہ علیؑ بول رہا ہے،

بس حقیقت تو یہ ہے کہ جس کا انکار ہی نہیں کیا جاسکتا **سر الله مودعا فی کتبه وسر الکتب فی القرآن لانه الجامع المانع وفیه تبیان کل شیء و سر القرآن فی حروف المقطعة فی اوائل السور**، اسی لیے تو **سر الله فی العالمین** امیر المومنین علی علیه السلام ارشاد فرماتے ہیں **لکل کتاب صفوة وصفوة هذا الکتاب (یعنی المصحف) حروف التهجی**، حقیقت تو یہ ہے کہ قرآن اتنی جامع کتاب ہے کہ اس کے نقطے میں اللہ نے کائنات کے علوم کو رکھ دیا ہے

(۱) سب سے پہلے تو یہ ہے کہ جو مولائے کلؑ ارشاد فرماتے ہیں، اللہ تعالی نے (۱۱۴) آسمان سے کتابیں نازل کی ہیں، اور ان میں توریت زبور انجیل قرآن کو برگزیدہ کیا، اور سب کتابوں کا علم اس قرآن میں جمع کر دیا ہے، اور اس قرآن کے علم کو الحمد میں جمع کر دیا ہے اور الحمد کو بسم اللہ میں اور بسم اللہ کو ب میں اور ب کو نقطے میں جمع کر دیا ہے، اور پھر آپ ارشاد فرماتے ہیں کہ ب کے نیچے والا نقطہ میں علیؑ ہوں،

(۲) اور دوسری جگہ بھی تقریباً ایسی ہی روایت وارد ہوئی ہے، آپ ارشاد فرماتے ہیں **جمیع ما فی القرآن فی باء بسم الله وانا النقطة تحت الباء** اور اسی طرح سے نقطے کے متعلق ایک اور حدیث ہے وہ بھی امیر المومنینؑ سے ہی ہے، آپ ارشاد فرماتے ہیں **بالباء ظهر الوجود و بالنقطة تمیز العابد عن المعبود** اور اسی طرح سے نقطے کے متعلق ایک اور بھی حدیث ہے وہ بھی امیر المومنینؑ سے ہی ہے، آپ ارشاد فرماتے ہیں **عن الباء ظهر**

Presented by Ziaraat.Com

الوجود وبالنقطة تبين العابد عن المعبود اور اسی طرح ایک اور حدیث ہے وہ بھی امیر المومنینؑ سے ہی ہے، آپ ارشاد فرماتے ہیں **بالباء عرفه العارفون وما من شيء الا والباء مكتوبة عليه**

(۳) یہ بات تو سب جانتے ہیں کہ حروف معجمہ میں نقطہ نہیں ہوتا، دوسرے حروف کے برخلاف، البتہ حکمت اور ایک راز اس میں موجود ہے،

عبدالوہاب شعرانی اپنی کتاب میزان میں روایت کرتے ہیں **قال امير المومنين عليه السلام لو شئت لاوقرت لكم ثمانين بعيرا من علوم النقطة تحت الباء،**

(۴) اسم مبارک اور مقدس علی علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے اسم سے مشتق ہے اللہ تعالیٰ کا نام ہے، اللہ کو بغیر اضافت اسی نام علیؑ کے ساتھ یاد کیا جاتا ہے،

جیسا کہ دعائے ماہ مبارک رمضان میں وارد ہوا ہے، **ياعلي ياعظيم يا غفور يا رحيم** اور آیۃ الکرسی میں وارد ہوا ہے، **وهوالعلي العظيم** عرب کی تاریخ میں تسمّا اللہ کا نام نہیں رکھا جاتا، جب بھی رکھا جاتا ہے تو مرکب ہوتا ہے عبد الحمید، عبدالکریم، عبدالغفور، عبدالمجید، عبدالرحمن، عبدالرحیم لیکن اللہ تعالیٰ نے اپنا خاص الخاص اسم فقط میرے مولاؑ کو ہی عطا کیا ہے،

وہ بھی علی ہے یہ بھی علیؑ ہیں،	وہ خالق علی اور یہ مخلوق علیؑ،
وہ رازق علی اور یہ مرزوق علیؑ،	وہ معبود علی، اور یہ عابد علیؑ،
وہ واجب الوجود علی اور یہ لازم الوجود علیؑ،	وہ رب علی اور یہ عبد علیؑ، الی ماشاء اللہ،

Presented by Ziaraat.Com

﴿بسمہ تعالیٰ﴾

﴿چوتھا راز﴾

﴿اسماء امیر المومنین علی الیہ السلام﴾

کتاب بیان الآیات میں آقای شیخ یوسف نجفی کچھ اس طرح سے تحریر فرماتے ہیں، کہ رب العزت نے میرے مولا کو مختلف آسمانی کتب میں مختلف اسماء کے ساتھ یاد کیا ہے، ویسے تو سب سے بڑا نام میرے مولا کا علیؑ ہے وہ عرش پہ علیؑ اور یہ فرش پہ علیؑ ہے، آپ ارشاد فرماتے ہیں

﴿۱﴾ میرے مولا امیر المومنین علی علیہ السلام کا کا نام (توریت) میں (بریھا) آیا ہے،

﴿۲﴾ میرے مولا امیر المومنین علی علیہ السلام کا کا نام (زبور) میں (اری) آیا ہے،

﴿۳﴾ میرے مولا امیر المومنین علیہ السلام کا کا نام (انجیل) میں (ایلیا) اور (شمیطا) اور (ایلیا) آیا ہے،

﴿۴﴾ میرے مولا امیر المومنین علی علیہ السلام کا کا نام (قرآن) میں (ھل اتی) (صبر) (احسان) (عدل) (ایمان) (کتاب) (حبل اللہ) (فضل اللہ) (نباء عظیم) آیا ہے، اور اس کے علاوہ بھی مولا کے کافی نام ہیں جن کو اس حقیر نے کتاب (میرے مولاؑ کے اسماء) میں بیان کئے ہیں،

﴿۵﴾ میرے مولا امیر المومنین علی علیہ السلام کا کا نام (ھندوؤں) کی کتابوں میں (گلپن) آیا ہے

﴿۶﴾ میرے مولا امیر المومنین علی علیہ السلام کا کا نام (اھل روم) کے ہاں (بطریسا) آیا ہے،

﴿۷﴾ میرے مولا امیر المومنین علی علیہ السلام کا کا نام (اھل خطاء) کے ہاں (برلیا) آیا ہے،

﴿۸﴾ میرے مولا امیر المومنین علی علیہ السلام کا کا نام (اھل فارس) کے ہاں (جبیر) آیا ہے،

﴿۹﴾ میرے مولا امیر المومنین علی علیہ السلام کا کا نام (اھل ترک) کے ہاں (تیمر) آیا ہے،

﴿۱۰﴾ میرے مولا امیر المومنین علی علیہ السلام کا کا نام (اھل زنجیان) کے ہاں (عبیر) اور

Presented by Ziaraat.Com

(معیلا) آیا ہے،

﴿۱۱﴾ میرے مولا امیر المومنین علی علیہ السلام کا کا نام (کاھنوں) کے ہاں (ہوی) آیا ہے،

﴿۱۲﴾ میرے مولا امیر المومنین علی علیہ السلام کا کا نام (زبان حبشہ) میں (تمریك) آیا ہے،

﴿۱۳﴾ میرے مولا امیر المومنین علی علیہ السلام کا کا نام (براھمنوں) کے ہاں (فریق) آیا ہے،

﴿۱۴﴾ میرے مولا امیر المومنین علیہ السلام کا کا نام (زبان فرانك) میں (مجھلان) آیا ہے،

﴿۱۵﴾ میرے مولا امیر المومنین علی علیہ السلام کا کا نام (اھل دایش) کے ہاں (میمونا) آیا ہے

﴿۱۶﴾ میرے مولا امیر المومنین علی علیہ السلام کا کا نام مادری زبان میں (حیـــــــدر) آیا ہے،

(ابوالبشر)، آیا ہے، (ابوالعز) آیا ہے، (ابوالحسن) آیا ہے (احد ذوسرا) آیا ہے، (ابوتراب) آیا ہے

، (سید العرب) آیا ہے،

محدث کبیر مفسر عظیم الشان وجلیل القدر آقای علامه فهامه سید هاشم حسین بحرانیؒ نے اس موضوع پہ ایک کتاب لکھی ہے، جس کا نام اللوامع النورانیة فی اسماء علی علیه السلام واهل بیته القرآنیه، ہے، جس میں امیر کائنات کے (۳۰۰) سے زیادہ نام درج ہیں، یہاں اس موقع پہ دل چاہتا ہے کہ فارسی زبان کا ایک کلام پیش کیا جائے کہ جو اس موقع سے خاص مناسبت رکھتا ہے،

ز القاب آن شاه والا تبار، ندانم کدامین نمایم شعار،

لقبهای شایسته بوتراب، نگنجد بُدین هزاران کتاب،

اگر جمع کردند جن و ملك، ورق آورند از طباق فلك،

قلم گردد اشجار ودریا مداد، نیآرند حرفی از آن شاه یاد

﴿OOOOO﴾

Presented by Ziaraat.Com

﴿بسمہ تعالیٰ﴾

﴿دوسرا باب﴾ ﴿عدد بارہ کے سربستہ راز﴾

﴿پہلی حقیقت﴾

﴿بارہ مقدس حجابات﴾

﴿کائنات میں ہر طرف بارہ ہی کا جلوہ ہے﴾

اس میں کسی بھی قسم کا کوئی شک وشبہ نہیں ہے کہ کائنات کا سارا نظام ان ہستیوں کے گرد گھوم رہا ہے، جو کچھ بھی ہے وہ ان ہی کی ذات والا صفات کی وجہ سے ہے، اسوقت ہم نے بارہ کو سامنے رکھا ہے تو جس چیز پہ بھی نگاہ کریں، اس میں بارہ کا جلوہ نظر آتا ہے جہاں اور حقیقتیں بارہ ہیں وہاں حجابات بھی بارہ ہیں، اگر بارہ کی حقیقت کو بارہ کے فضائل کو بارہ کی روحانیت ونورانیت ومعنویت کو علیحدہ کردیا جائے، تو کائنات صفر ہوجاتی ہے، آج جو نورانیت ہے، آج جو روحانیت ہے، آج جو معنویت ہے، وہ انھی ہستیوں کا فیضان ہے، انھی کے صدقے میں یہ نظام ہستی چل رہا ہے، بس یوں سمجھ لیں کہ جو کچھ بھی ہے وہ پانچ بارہ چودہ کا صدقہ ہے،

﴿۱﴾ پہلا حجاب قدرت ہے،
﴿۲﴾ دوسرا حجاب عظمت ہے،
﴿۳﴾ تیسرا حجاب عزت ہے،
﴿۴﴾ چوتھا حجاب عفت ہے،
﴿۵﴾ پانچواں حجاب جبروت ہے،
﴿۶﴾ چھٹا حجاب رحمت ہے،
﴿۷﴾ ساتواں حجاب نبوت ہے،
﴿۸﴾ آٹھواں حجاب کبریا ہے،
﴿۹﴾ نواں حجاب منزلت ہے،
﴿۱۰﴾ دسواں حجاب رفعت ہے،
﴿۱۱﴾ گیارہواں حجاب سعادت ہے،
﴿۱۲﴾ بارہواں حجاب شفاعت ہے،

Presented by Ziaraat.Com

﴿بسمہ تعالیٰ﴾

﴿دوسری حقیقت﴾

﴿اللہ تعالیٰ کے مقدس ناموں میں بارہ کا عدد﴾

﴿کائنات میں ہر طرف بارہ ہی کا جلوہ ہے﴾

﴿۱﴾ کلمہ توحید رکن توحید میں (لا الہ الا اللہ) میں بارہ حرف ہیں،

یہ وہ کلمہ ہے کہ اس کے بغیر کسی کا اسلام قبول نہیں لا الہ الا الرحمن کے ذریعے کافر مسلمان نہیں ہوتا، کوئی بھی شخص اگر مسلمان ہونا چاہے تو مسلمان کلمہ توحید کلمہ رسالت اور کلمہ ولایت کے ذریعے ہی ہوتا ہے، اس کلمہ توحید میں بارہ حروف موجود ہیں،

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
ل	ا	ا	ل	ہ	ا	ل	ا	ا	ل	ل	ہ

﴿۲﴾ ارکان رسالت (محمد رسول اللہ ؐ) اس میں بھی بارہ ہی حروف موجود ہیں، جیسا کہ یہ ظہور وجود میں ہے، اور اظہر من الشمس ہے،

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
م	ح	م	د	ر	س	و	ل	ا	ل	ل	ہ

﴿۳﴾ ارکان خلافت و وصایت امیر المومنین ؑ (علی ؑ خلیفۃ اللہ) میں بھی بارہ حروف ہیں،

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
ع	ل	ی	خ	ل	ی	ف	ۃ	ا	ل	ل	ہ

﴿۴﴾ کلمہ امارت مومنین (امیر المومنین ؑ) میں بھی بارہ حروف ہیں،

Presented by Ziaraat.Com

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
ا	م	ی	ر	ا	ل	م	و	م	ن	ی	ن

﴿۵﴾ اسمائے مقدس (الله تبرك تعالى) میں بھی بارہ حروف ہیں،

